6926 ـ زنا کس طرح ثابت ہوگا

سوال

ہمیں یہ توعلم ہے کہ کسی بھی شخص کے زنا کے ثبوت کے لیے چار گواہوں کا ہونا ضروری ہے توکیا دورحاضر میں چارگواہوں کے بدلے میڈیکل رپورٹ اورعلمی ریسرچ وغیرہ کافی ہوگی ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شریعت اسلامیہ میں زنا کے ثبوت کے کوئي دلیل ضروری ہے اوروہ دلیل اوربینہ چارعادل گواہ ہونے چاہیں جنہوں نے زنا کوحقیقی طور پر خود دیکھا ہو یا پھر زانی خود اعتراف کرے ، اوریا پھر زانی عورت کا حمل ظاہر ہوجائے ۔

موجودہ دور میں میڈیکل رپورٹ یا پھر ویڈیو فلم یا کوئي اور ریسرچ گواہوں وغیرہ کے قائم مقام نہیں ہوسکتی ۔

واللہ اعلم .